شروع کیا ہے۔ پہلا حصّہ ظہور قدسی (ولادت) سے غارِ حرا تک تھا۔ دوسرا حصّہ غارِ حرا سے ہجرتِ حبشہ تک اور اب تیسرا حصّہ ہجرتِ حبشہ سے مسجد قبا تک اشاعت میں آیا ہے۔ دلی اعتراف ہے کہ سیرتِ پاک بہت اچھی زبان میں لکھی گئی ہے اور اجمال اور تفصیل کے بین بین ایک ایسا راستہ اختیار کیا گیا ہے کہ نہ معلوماتی تشنگی رہتی ہے اور نہ پڑھنے والے کو طویل عبارت کا بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ پھر طباعت (آفسٹ) کی خوبصورتی نے حُسنِ تحریر کو اور دوبالا کر دیا ہے۔ جہاں ضرورت تھی وہاں متعلقہ یا متاثرہ افراد کی فہرستیں دی گئی ہیں۔ کہیں نقشوں سے حقائق کو واضح کیا گیا ہے۔ جناب ابوطالب کے قصیدہ کا ترجمہ بھی شاملِ اشاعت ہے۔ حضورؐ اور بنوہاشم سے مقاطعہ کرنے کے لیے جو معاہدہ کیا گیا تھا، اس کی دفعات درج ہیں۔ متعدد مقامات پر آیاتِ قرآنیہ سے استفادہ کیا گیا ہے، ذیلی سُرخیوں میں ادبیت ہے اور کہیں کہیں مصرعے یا مصرعوں کے اجزا لکھے گئے ہیں۔ سفرِ ہجرتِ نبوی کا رنگین نقشہ تو بہت ہی خوشنما ہے۔

اللہ تعالیٰ مؤلف، مدیر اور پی ایس او کے محبانِ رسالتؐ کو خاص جزا دے۔ ہم منتظر ہیں کہ بقیہ حصّہ سیرت بھی جلد سامنے آئے اور پھر اسے یک جا کتابی شکل میں شائع کیا جائے۔

الحسنات (اشاعت خاص)	مدیر: صابر فرنی صاحب - دفتر: ۱۹-سی - منصورہ - ملتان روڈ لاہور قیمت خاص نمبر ۱۲/- روپے - عام شمارہ ۵/- روپے - سالانہ ۵۰/- روپے

صابر فرنی صاحب معاشرے کی اصلاح اور دعوتِ حق کے فروغ کے لیے سچی تڑپ رکھتے ہیں۔ وہ اور ان کی بیگم صاحبہ بچوں سمیت اس مہم میں لگے رہتے ہیں۔ اس مرتبہ انہوں نے الحسنات کا "زکوٰۃ و عشر نمبر" نکالا ہے۔ اس نمبر کے اداریے میں انہوں نے کچھ تجاویز بھی پیش کی ہیں، جن کا مقصد یہ ہے کہ ایتائے زکوٰۃ و اخذِ زکوٰۃ کا جو ناقص تجربہ کیا گیا ہے اس کی خرابیوں اور ناکامیوں سے بچا جا سکے۔

پھر انہوں نے اس خاص نمبر کی محفل میں بہت سے لکھنے والوں کو جمع کر لیا ہے۔ جناب